سہیل خان کی تباہ کن باؤلنگ کی بدولت پریکٹس میچ کا پہلا روز پی سی بی وائٹس کے نام

- فاسٹ باؤلر کے 5 شکار؛ پی سی بی گرینز پہلی اننگز میں 113 پر ڈھیر
- پی سی بی وائٹس نے 3 وکٹوں سے پر 88 رنز بنا لیے

ڈربی، 24 جولائی 2020ء:

دی انکورا کاؤنٹی گراؤنڈ ڈربی میں جاری دوسرے انٹرا اسکواڈ چار روزہ پریکٹس میچ میں پی سی بی وائٹس کے فاسٹ باؤلر سہیل خان کی تباہ کن باؤلنگ کی بدولت پی سی بی گرینز کی پوری ٹیم پہلی اننگز میں 113 رنز پر ڈھیر ہوگئی۔ جواب میں پی سی بی وائٹس نے پہلے روز کھیل کے اختتام پر 3 وکٹوں کے نقصان پر 88 رنز بنا لیے ہیں۔

ٹیم وائٹس کے کپتان سرفراز احمد نے ٹاس جیت کر پہلے باؤلنگ کا فیصلہ کیا تو سہیل خان نے 37 رنز کے عوض 5 کھلاڑیوں کو پویلین کی راہ دکھا کر کپتان کا فیصلہ درست ثابت کردیا۔ رہی سہی کسر آلراؤنڈر فہیم اشرف نے پوری کردی۔ انہوں نے 16 رنز دے کر 2 وکٹیں حاصل کیں۔

پی سی بی گرینز کی جانب سے بابر اعظم 32، محمد رضوان 18 اور شاداب خان 11 رنز بنا کر سب سے نمایاں بیٹسمین رہے۔

تینوں کھلاڑیوں کے علاوہ پی سی بی گرینز کا کوئی بھی بیٹسمین ڈبل فگرز میں داخل نہ ہوسکا۔ شان مسعود 9، عابد علی 1، اظہر علی 6، اسد شفیق 9، شاہین شاہ آفریدی 3، محمد عباس 4 اور نسیم شاہ 2 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ یاسر شاہ 8 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔

جواب میں اوپنرز فخر زمان اور امام الحق نے پی سی بی وائٹس کی جانب سے پراعتماد آغاز کیا تاہم امام الحق 19 کے انفرادی اسکور پر ریٹائرڈ ہرٹ ہوکر گراؤنڈ سے باہر گئے تو پی سی بی وائٹس کی بیٹنگ لائن اپ لڑکھڑا گئی، فاسٹ باؤلر نسیم شاہ کی گیند ان کے ہاتھ پر

لگی۔

جس کے بعد 41 کے مجموعی اسکور پر فخر زمان 22 رنز بنا کر نسیم شاہ کی گیند پر ایل بی ڈبلیو آؤٹ ہو گئے۔ فخر زمان کے آؤٹ ہونے کے بعد حیدر علی اور افتخار احمد 7، 7 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے تو فواد عالم اور سرفراز احمد نے کریز سنبھالی۔

پی سی بی وائٹس کے فواد عالم 18 اور کپتان سرفراز احمد 6 کے انفرادی اسکور سے میچ کے دوسرے روز کا آغاز کریں گے۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealPCB

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4